نسلی مساوات کے فروغ کے بارے میں موجودہ اور مجوزہ اقدامات

ہانگ کانگ ٹورازم بورڈ

ہانگ کانگ ٹورازم بورڈ ("HKTB") حکومت کا ایک تشکیل شدہ ادارہ ہے جو ہانگ کانگ کو دنیا بھر میں ایک سیر و سیاحت کے مقام کے طور پر مارکیٹ کرنے اور اس کی تشہیر کرنے اور سیاحوں کے پہنچنے کے بعد ان کے تجربے کو بڑھانے کے لیے کام کرتا ہے۔ HKTB عوام کے تمام اراکین اور تمام دنیا سے آئے سیاحوں کے نسلی پس منظر سے قطع نظر ان کی خدمات تک یکساں رسائی کو یقینی بنانے کو بہت اہمیت دیتا ہے۔

(A) <u>سیاحوں کے لیے معلوماتی خدمات</u>

متعلقہ خدمات	• HKTB کے سیاحوں کے لیے مراکز عوام اور سیاحوں کو مناظر بینی کے لیے وسیع و عریض معلومات اور خدمات فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہیں۔
موجودہ اقدامات	• سیاحوں کے لیے مراکز میں تقسیم کردہ HKTB کی اشاعتیں چائینیز اور انگریزی دونوں زبانوں میں چھپی ہوئی ہیں۔
	• جبکہ HKTB کی خدمات کا بنیادی ہدف حقیقی سیاح ہیں ، جب ضرورت ہو تو ، HKTB کا فرنٹ لائن عملہ کونسلیٹ یا بیرونی زبانوں جیسے بھاسا انڈونیشیا ، ہندی ، نیپالی ، پنجابی ، تگالگ ، تھائی ، اردو اور ویتنامی میں ترجمانی کی خدمات کے لیے نسلی اقلیتی مرکز ("CHEER") سے ضروری مدد حاصل کرسکتا ہے۔
مستقبل کے کام کا جائزہ	• HKTB وقتا فوقتا عوام اور سیاحوں کی آراء اور مشوروں کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی خدمات کا جائزہ لینا جاری رکھے گا ، اور جہاں ضروری اور مناسب ہو اپنی خدمات میں مزید بہتری لائے گا۔ HKTB نسلی اقلیتوں کی زبان کی خدمت کی ضروریات سے متعلق ڈیٹا بھی مختلف نسل کے افراد سے اکٹھا کرے گا، جو مستقل تشخیص اور خدمت کی فراہمی میں بہتری کے لیے استعمال ہوگا۔

(B) <u>HKTB کی ویب سائٹ</u>

متعلقہ خدمات	• HKTB عوام اور سیاحوں کو HKTB کی ویب سائٹ (www.discoverhongkong.com)پر مناظر بینی ، پرکشش

مقامات اور ایونٹس وغیرہ سے متعلق وسیع معلومات فراہم کرتا ہے۔

موجودہ اقدامات	• HKTB کی ویب سائٹ چائینیز اور انگریزی اور دوسری زبانوں [1]میں ہے۔
مستقبل کے کام کا جائزہ	• HKTB وقتا فوقتا مختلف نسل کے افراد سے انکی ضروریات کو پورا کرنے کے نظریہ کے ساتھ، HKTB کی ویب سائٹ میں زیادہ زبانوں کو شامل کرنے کی ضروریات کا جائزہ لیتا رہے گا ، جہاں ضروری اور مناسب ہوا۔ HKTB مختلف نسل کے لوگوں سے زبان کی خدمت کی ضروریات سے متعلق اعداد و شمار بھی جمع کرے گا ، جو مستقل تشخیص اور خدمات کی فراہمی کی بہتری کے لیے استعمال ہوگا۔

(C) <u>مالی تعاون کی اسکیمیں</u>

متعلقہ خدمات	• HKTB فی الحال متعدد اسکیموں کا انتظام کرتا ہے جو اہل تنظیموں یا کمپنیوں کی درخواستوں کے لیے کھلی ہوئی ہیں جیسے کیرکٹرسٹکس لوکل ٹورازم ایونٹس کے لیے پائلٹ اسکیم ، اور چھوٹے درجے کی میٹنگز، ترغیبی اور کنونشن گروپس کے لیے مالی تعاون ۔
موجودہ اقدامات	• اگرچہ فنڈنگ اسکیموں کے درخواست دہندگان صرف تنظیموں یا کمپنیوں تک ہی محدود ہیں ، لیکن HKTB کی خدمات نسل کے حوالے سے غیر جانبدار ہیں اور چائینیز اور انگریزی دونوں میں فراہم کی جاتی ہیں۔
	• HKTB ضرورت پڑنے پر کونسلیٹ یا دیگر غیر ملکی زبانوں میں ترجمہ کی خدمات کے لیے CHEER سے ضروری مدد حاصل کرسکتا ہے۔
مستقبل کے کام کا جائزہ	• HKTB موجودہ اقدامات کو نافذ کرنا جاری رکھے گا ، اور اپنی خدمات کی فراہمی کا باقاعدگی سے جائزہ لے گا تاکہ نسل کے حوالے سے غیرجانبداری کو یقینی بنایا جاسکے۔HKTB مختلف نسل کے لوگوں سے زبان کی خدمت کی ضروریات سے متعلق اعداد و شمار بھی جمع کرے گا ، جو مستقل

[1] چائنیز اور انگریزی کے علاوہ، HKTB کی ویب سائٹ میں 11 دیگر زبانیں موجود ہیں ، جن میں عربی ، بھاسا انڈونیشیا ، بھاسا ملائیشیا ، ڈچ ، جرمن ، کورین ، فرانسیسی ، جاپانی ، روسی ، تھائی اور ویتنامی شامل ہیں۔

تشخیص اور خدمت کی فراہمی کی بہتری کے لیے استعمال ہوگا۔

(D) معیاری سیاحت کی خدمات کی اسکیم

متعلقہ خدمات

- اس وقت HKTB معیاری سیاحت کی خدمات ("QTS") اسکیم کا انتظام کرتا ہے ، جو ایک خدمت سرٹیفیکیشن پروگرام ہے جس کے تحت خوردہ فروشوں ، ریسٹورینٹ اور سیاحوں کی رہائش گاہیں جو معیاری سیاحت کی خدمات مہیا کرتی ہیں ، جو تشخیص کی مقرر کردہ شرائط کو پورا کرتی ہیں ، اسکیم کے تحت QTS تاجر کی حیثیت سے تصدیق شدہ ہیں۔

موجودہ اقدامات

- اگرچہ پروگرام کے درخواست دہندگان خوردہ فروشوں ، ریسٹورینٹ اور سیاحوں کی رہائش گاہ تک ہی محدود ہیں ، لیکن HKTB کی خدمات نسل کے حوالے سے غیر جانبدار ہیں اور چائینیز اور انگریزی دونوں میں فراہم کی جاتی ہیں۔

- HKTB ضرورت پڑنے پر کونسلیٹ یا دیگر غیر ملکی زبانوں میں ترجمہ کی خدمات کے لیے CHEER سے ضروری مدد حاصل کرسکتا ہے۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

- HKTB موجودہ اقدامات کو نافذ کرنا جاری رکھے گا ، اور اپنی خدمات کی فراہمی کا باقاعدگی سے جائزہ لے گا تاکہ نسل کے حوالے سے غیرجانبداری کو یقینی بنایا جاسکے۔HKTB مختلف نسل کے لوگوں سے زبان کی خدمت کی ضروریات سے متعلق اعداد و شمار بھی جمع کرے گا ، جو مستقل تشخیص اور خدمات کی فراہمی کی بہتری کے لیے استعمال ہوگا۔

(E) تربیت

اضافی اقدامات جو کیے گئے ہیں/ کیے جائیں گے

- HKTB اپنے ملازمین کے لیے نسلی مساوات کے بارے میں تربیت کا اہتمام کرتا ہے تاکہ ملازمین کی نسلی مساوات سے متعلق امور کے بارے میں سمجھ بوجھ میں بہتری آسکے۔

پوچھ گچھ کے لیے ، براہ کرم مندرجہ ذیل ذرائع سے ہمارے ساتھ رابطہ کریں:

ٹیلی فون: Mr Ken Cheung
2508 1234)مناظر بینی کے بارے میں صارفین کی پوچھ گچھ اور رائے(;
Ms Suki Lai
2807 6199 (دیگر معاملات کے بارے میں پوچھ گچھ)

فیکس: 2503 6114

ای میل: info@hktb.com

ویب سائٹ: https://www.discoverhongkong.com/eng/contact-us.html

ڈاک کے لیے پتہ: 11/F, Citicorp Centre, 18 Whitfield Road. North Point, Hong Kong

ہانگ کانگ ٹورازم بورڈ

مئی 2023